# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی و علوم اسلامیہ

## (شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: سیرت نگاری کے اسالیب و رجحانات (3911)** **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص سیرت سٹڈیز)**

**ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ)

1. تمام سوالات لازمی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ 1-4)

سوال نمبر 1-سیرت نگاری کے مختلف ادوار بیان کریں نیز عہدِ رسالت ﷺ اور عہدِ صحابہؓ میں سیرت کے بیان اور حفاظت کے طریقوں کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2-علمِ سیرت کے ابتدائی مصادر کا تعارف پیش کریں اور واضح کریں کہ ان مصادر نے سیرت نگاری کی بنیاد رکھنے میں کیا کردار ادا کیا؟ (20)

سوال نمبر 3۔امام ابن اسحاق کی سیرت نگاری کے منہج اور اسلوبِ بیان کی وضاحت کریں نیز بعد کے سیرت نگاروں پر ان کے منہج کے اثرات کا جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 4-شمائلِ نبوی ﷺ کا مفہوم بیان کریں نیز علمِ شمائل سے متعلق کسی ایک اہم کتاب کے منہج واسلوب کا جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 5-ابن شہاب زہری کا تعارف اور خدمات تحریر کریں نیز علم سیرت کے فروغ میں ان کے کردار پر نوٹ لکھیں. (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ 5-9)

سوال نمبر 1۔ معجزات کی اقسام بیان کریں نیز الخصائص الکبریٰ کے منہج پر نوٹ لکھیں (20)

سوال نمبر 2۔امام ابن الجوزی کی سیرت نگاری پر تفصیلی مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ قاضی عیاض کی کتاب 'الشفا' کے موضوع اور اسلوب کا جائزہ لیتے ہوئے واضح کریں کہ اس کتاب کی تعلیمات عصرِ حاضر میں اتباعِ سنت کے فروغ میں کس طرح معاون ثابت ہو سکتی ہیں؟ (20)

سوال نمبر 4۔ جغرافیۂ سیرت کے موضوع پر کسی ایک کتاب کا منہج تحریر کریں اور واضح کریں کہ سیرتِ نبوی ﷺ کے واقعات کو سمجھنے میں جغرافیائی مطالعہ کیوں اہم ہے؟ (20)

سوال نمبر5۔ امام مقریزی کی کتاب 'امتاع الاسماع' کے منہج اور اسلوبِ بیان کا جائزہ لیتے ہوئے واضح کریں کہ یہ کتاب سیرتِ نبوی ﷺ کے مطالعے، تاریخی شعور اور عصرِ حاضر میں سیرت کے فہم کے لیے کس حد تک معاون ہے؟ (20)